# جامعۃ المدینہ تلہ گنگ

## سالانہ امتحان 2023 (مؤطین)

## مختصر سوالات (حصہ اول)

* سوال: عیدین میں عید کی نماز سے پہلے یا بعد میں نفل پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: امام مالک کے بہر صورت نفل پڑھنا جائز ہے

* سوال: نبی پاک ﷺ نے سورج اور چاند گرہن کی کیا وجہ ارشاد فرمائی؟

جواب: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں، انہیں کسی کی موت یا زندگی کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا۔

* سوال: حدیثِ پاک میں کس دن کی دعا کو افضل قرار دیا گیا؟

جواب: حدیثِ پاک کے مطابق سب سے بہترین دعا "عرفہ کے دن" کی دعا ہے۔

* سوال: عند الاحناف غیر جامع مسجد میں اعتکاف کرنے اور ایسے معتکف کے لیے جامع مسجد میں جانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: احناف کے نزدیک اگر ایسی مسجد میں اعتکاف ہو جہاں جمعہ نہیں ہوتا، تو وہ جمعہ کے لیے جامع مسجد جا سکتا ہے، اس سے اعتکاف نہیں ٹوٹتا۔

* سوال: شکاری جانور یا پرندہ اگر شکار کر کے اس میں سے کچھ کھا لے تو اس کے شکار کا کیا حکم ہے؟

جواب: امام مالک کے نزدیک وہ حلال ہے، جبکہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک وہ حرام ہو جاتا ہے۔

* سوال: "قانع" کا معنی بیان کریں۔

جواب: قانع وہ ہے جو اللہ کی تقسیم پر راضی رہے اور لوگوں کے سامنے ہاتھ نہ پھیلائے۔

* سوال: عند الاحناف عقیقہ کرنے کے حکم کی کیا نوعیت ہے؟

جواب: احناف کے نزدیک عقیقہ کرنا "مستحب" ہے۔

* سوال: مؤطا امام محمد کے مطابق قرات خلف الامام کا کیا حکم ہے؟

جواب: امام محمد کے نزدیک مقتدی پر قرات بالکل نہیں، اسے خاموشی سے امام کی قرات سننی چاہیے۔

* سوال: عصر کی نماز کا مستحب وقت تحریر فرمائیں۔

جواب: عصر کی نماز میں اتنی تاخیر مستحب ہے کہ سورج کی رنگت تبدیل نہ ہو۔

* سوال: کنز کس مال کو کہا جاتا ہے؟

جواب: جس مال کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو اسے شرعی اصطلاح میں "کنز" کہتے ہیں۔

* سوال: نجاشی کی غائبانہ نمازِ جنازہ کے حوالے سے اختلاف اور عدم جواز کی دلیل کیا ہے؟

جواب: امام شافعی غائبانہ نماز جنازہ کو جائز کہتے ہیں۔ احناف کے نزدیک یہ جائز نہیں کیونکہ یہ حضور ﷺ کا "خاصہ" تھا۔

* سوال: "ان عبداللہ بن عمر لم یکن یضحی عما فی بطن المرأۃ" کی وضاحت کریں۔

جواب: اس کا مطلب یہ ہے کہ حاملہ عورت کے پیٹ میں موجود بچے کی طرف سے قربانی کرنا لازم نہیں۔

* سوال: "ان ابا ایوب صاحب رسول اللہ ﷺ..." احناف کے نزدیک اس کی کیا توجیہ ہے؟

جواب: احناف کے نزدیک ایک بکری صرف ایک شخص کی طرف سے واجب قربانی کے لیے کافی ہے۔

* سوال: اذان میں ترجیع کے بارے میں امام طحاوی کی کیا توجیہ ہے؟

جواب: امام طحاوی کے نزدیک ترجیع شروع اسلام میں تعلیمِ اذان کے لیے تھی، جو بعد میں منسوخ ہو گئی۔

* سوال: کیا اذان دینے والے کے علاوہ کوئی اور اقامت کہہ سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں، احناف کے نزدیک یہ جائز ہے۔

* سوال: کیا نمازِ عصر غروبِ آفتاب تک ادا ہو سکتی ہے؟ ثبوت میں حدیث پیش کریں۔

جواب: جی ہاں۔ حدیث: "جس نے سورج ڈوبنے سے پہلے عصر کی ایک رکعت پالی، اس نے عصر کو پالیا"۔

* سوال: نمازِ فجر کا آخری وقت مع دلیل بیان کریں۔

جواب: طلوعِ آفتاب فجر کا آخری وقت ہے (وقت صلاۃ الصبح الی طلوع الشمس)۔

* سوال: نمازِ عصر کے بعد نوافل مکروہ ہیں، قائلینِ کراہت کی دلیل بیان کریں۔

جواب: دلیل یہ ہے کہ نبی پاک ﷺ نے عصر کے بعد سورج غروب ہونے تک نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔

* سوال: امام ابویوسف کے نزدیک استسقاء کا سنت طریقہ کیا ہے؟

جواب: باجماعت دو رکعتیں پڑھنا اور اس کے بعد امام کا خطبہ دینا سنت ہے۔

* سوال: نمازِ کسوف کی کتنی رکعتیں ہیں؟ مدلل بیان کریں۔

جواب: احناف کے نزدیک دو رکعتیں ہیں اور ہر رکعت میں عام نماز کی طرح ایک ہی رکوع ہے--------2023 کے طویل سوالات:

سوال نمبر 1: عورتوں کے مسجد جانے اور گھوڑے، گدھے، خچر کے گوشت کا حکم

عورتوں کا مسجد جانا:

مؤطا امام محمد کی حدیث کے مطابق نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

* "اللہ کی بندیوں کو اللہ کی مسجدوں سے نہ روکو، البتہ وہ (خوشبو لگا کر) بناؤ سنگھار کر کے نہ نکلیں بلکہ سادہ لباس میں نکلیں۔"

* وضاحت: اگرچہ حدیث میں اجازت ہے، مگر احناف اور دیگر ائمہ کے نزدیک موجودہ دور میں فتنہ کے خوف سے عورتوں کا مسجد جانا مکروہ ہے، ان کے لیے گھر کی نماز زیادہ افضل ہے۔

گھوڑے، گدھے اور خچر کا گوشت:

نوٹس کے مطابق ان کے بارے میں احادیث درج ذیل ہیں:

* گدھا اور خچر: نبی کریم ﷺ نے خیبر کے دن گھریلو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا۔ اسی طرح خچر بھی حرام/ممنوع ہے۔

* گھوڑا: گھوڑے کے بارے میں ائمہ کا اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک گھوڑا کا گوشت مکروہ ہے کیونکہ یہ آلہ جہاد ہے، جبکہ صاحبین (امام ابویوسف و محمد) کے نزدیک جائز ہے۔

سوال نمبر 2: قرات خلف الامام (امام کے پیچھے قرات) کا مسئلہ

ائمہ کا موقف:

* امام شافعی: مقتدی پر ہر نماز (سری ہو یا جہری) میں سورہ فاتحہ پڑھنا فرض ہے۔

* امام مالک و احمد: جہری نماز (جس میں امام اونچی آواز میں پڑھے) میں مقتدی خاموش رہے، سری نماز میں پڑھ لے۔

* امام ابوحنیفہ و امام محمد: مقتدی پر کسی بھی نماز میں قرات جائز نہیں، امام کی قرات ہی مقتدی کی قرات ہے۔

احناف کے دلائل اور دیگر ائمہ کا رد:

* دلیل 1 (قرآن): "واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا" (جب قرآن پڑھا جائے تو اسے غور سے سنو اور خاموش رہو)۔ یہ حکم عام ہے جو نماز کو بھی شامل ہے۔

* دلیل 2 (حدیث): "من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ" (جس کا امام ہو، امام کی قرات ہی اس کی قرات ہے)۔

* ردِ استدلال: امام شافعی کی دلیل "لا صلاۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب" کا احناف یہ جواب دیتے ہیں کہ یہ حکم تنہا نماز پڑھنے والے (منفرد) کے لیے ہے، مقتدی کے لیے امام کی قرات کافی ہے۔

سوال نمبر 3: بغیر ولی کے نکاح کا حکم

ائمہ کا موقف:

* امام مالک، شافعی و احمد: ولی کی اجازت کے بغیر نکاح باطل ہے۔ وہ حدیث "لا نکاح الا بولی" (ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا) سے استدلال کرتے ہیں۔

* امام ابوحنیفہ و امام محمد: اگر عورت عاقلہ، بالغہ ہے تو وہ اپنا نکاح خود کر سکتی ہے، بشرطیکہ وہ "کفو" (برابری) میں ہو اور مہرِ مثل پر ہو۔

سوال نمبر 4: ظہر کی نماز کا آخری وقت

ائمہ کا اختلاف:

* ائمہ ثلاثہ (مالک، شافعی، احمد) اور صاحبین (امام ابویوسف و محمد): ظہر کا وقت اس وقت ختم ہو جاتا ہے جب ہر چیز کا سایہ اس کے اصل سائے کے علاوہ ایک مثل (ایک گنا) ہو جائے۔

* امام ابوحنیفہ (قولِ مفتیٰ بہ): ظہر کا وقت اس وقت ختم ہوتا ہے جب ہر چیز کا سایہ دو مثل (دو گنا) ہو جائے۔

دلائل:

* صاحبین کی دلیل: حدیثِ جبرائیل ہے جس میں انہوں نے دوسرے دن ظہر کی نماز ایک مثل پر پڑھائی۔

* امام اعظم کی دلیل: بخاری شریف کی حدیث ہے "ابردوا بالظہر" (ظہر کو ٹھنڈا کر کے پڑھو)۔ گرمی کے موسم میں ایک مثل پر عموماً سخت گرمی ہوتی ہے، اس لیے دو مثل تک وقت کا ہونا ضروری ہے تاکہ ٹھنڈک ہو سکے----------

سالانہ امتحان 2024ء - کنز المدارس بورڈ پاکستان

مضمون: الحدیث الشریف (مؤطا امام مالک و مؤطا امام محمد)

حصہ اول: مختصر سوالات (Short Questions)

سوال نمبر 1: عورتوں کے مسجد میں جانے کے بارے میں حضور ﷺ کا کیا فرمان ہے؟

* جواب: حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کی بندیوں کو اللہ کی مسجدوں سے نہ روکو۔ تاہم آپ ﷺ نے یہ بھی واضح فرمایا کہ ان کے لیے ان کے گھر (میں نماز پڑھنا) زیادہ بہتر اور افضل ہے۔ (صفحہ 9)

سوال نمبر 2: مؤطا امام مالک کی روشنی میں نزولِ وحی کے طریقے بیان کیجیے۔

* جواب: وحی کے دو بنیادی طریقے بیان ہوئے ہیں:

* کبھی وحی گھنٹی کی آواز کی طرح آتی تھی، جو آپ ﷺ پر سب سے زیادہ سخت ہوتی تھی۔

* کبھی فرشتہ انسانی شکل میں آ کر آپ ﷺ سے کلام کرتا تھا۔ (صفحہ 11)

سوال نمبر 3: سجدہ تلاوت کن اوقات میں کرنے سے منع کیا گیا ہے؟

* جواب: امام مالک فرماتے ہیں فجر اور عصر کی نماز کے بعد آیت سجدہ نہ پڑھیں جائے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کے بعد سورج طلوع ہونے تک اور عصر کے بعد سورج غروب ہونے تک نماز سے منع فرمایا ہے اور سجدہ بھی نماز کا حصہ ہے۔ (صفحہ 13)

سوال نمبر 4: "لا يعتكف احد فوق ظهر المسجد ولا في المنار يعني الصومعة" عبارت پر اعراب لگائیں۔

* جواب: لَا يَعْتَكِفُ اَحَدٌ فَوْقَ ظَهْرِ الْمَسْجِدِ وَلَا فِی الْمَنَارِ يَعْنِی الصَّوْمَعَۃِ۔

* ترجمہ: کوئی شخص مسجد کی چھت پر اعتکاف نہ کرے اور نہ ہی مینار (صومعہ) میں۔ (صفحہ 102)

سوال نمبر 5: حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے سکھائے ہوئے کتے کے بارے میں کیا حکم فرمایا؟

* جواب: آپؐ نے فرمایا کہ جب سکھایا ہوا کتا شکار کو مار ڈالے تو اسے کھایا جا سکتا ہے، بشرطیکہ اسے بسم اللہ پڑھ کر چھوڑا گیا ہو۔ (صفحہ 24)

سوال نمبر 6: کتنے مال میں وصیت کرنا درست ہے؟

* جواب: صاحبِ مال کے لیے اپنے کل مال کے صرف ایک تہائی (1/3) حصے تک وصیت کرنا جائز ہے، اس سے زائد کی اجازت نہیں۔ (صفحہ 28)

سوال نمبر 7: کلالہ کسے کہتے ہیں؟

* جواب: کلالہ وہ شخص ہے جو مر جائے اور اس کا نہ کوئی باپ (اصول) ہو اور نہ کوئی بیٹا (فروع) ہو۔ (صفحہ 168)

سوال نمبر 8: خواب کو نبوت کا کتنا حصہ قرار دیا گیا ہے؟

* جواب: حدیث مبارکہ کے مطابق سچا خواب نبوت کے چھیالیس (46) حصوں میں سے ایک حصہ ہے۔ (صفحہ 168)

سوال نمبر 9: جنت کے دروازے کس دن کھولے جاتے ہیں؟

* جواب: جنت کے دروازے ہر پیر اور جمعرات کے دن کھولے جاتے ہیں اور ہر اس دن ہر مسلمان بندے کی مغفرت کر دی جاتی ہے سوائے اس شخص کے جو اپنے بھائی سے عداوت رکھتا ہو۔ (صفحہ 40)

سوال نمبر 10: مؤطا امام مالک کی روشنی میں مسکین کی تعریف کیجیے؟

* جواب: مسکین وہ نہیں جو لوگوں کے پاس جا کر ایک دو لقمے مانگے، بلکہ مسکین وہ ہے جس کے پاس اتنی استطاعت نہ ہو کہ وہ اپنی ضروریات پوری کر سکے اور لوگوں کو اس کا حال معلوم نہ ہو تاکہ اس پر صدقہ کریں اور وہ لوگوں سے سوال بھی نہ کرے۔ (صفحہ 45)

سوال نمبر 11: نمازِ عصر کو عصر کیوں کہتے ہیں؟

* جواب: عصر کے لغوی معنی "تاخیر" کے ہیں۔ چونکہ یہ نماز دن کے آخری حصے میں تاخیر سے پڑھی جاتی ہے، اس لیے اسے عصر کہتے ہیں۔ اس کا دوسرا معنی "نچوڑنا" بھی ہے۔ (صفحہ 8)

سوال نمبر 12: نمازِ عصر کو جلدی ادا کرنے پر کوئی ایک حدیث تحریر کیجیے۔

* جواب: جب کوئی شخص عصر کی نماز سورج غروب ہونے کے قریب جا کر ادا کرے اور چار ٹھونگیں لگائے اس شخص کی نماز کو حضور علیہ السلام نے منافقین کی نماز قرار دیا (صفحہ 18)

سوال نمبر 13: صلوٰۃ الخوف ادا کرنے کا طریقہ مؤطا امام محمد کی روشنی میں بیان کیجیے۔

* جواب: امام دو گروہ بنائے۔ ایک گروہ دشمن کے سامنے رہے اور دوسرا امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھے۔ پھر یہ گروہ دشمن کے سامنے چلا جائے اور دوسرا گروہ آکر دوسری رکعت پڑھے۔ امام سلام پھیر دے اور مقتدی اپنی بقیہ نمازیں بغیر قرات کے پوری کریں۔ (صفحہ 11)

سوال نمبر 14: مرد کا کفن سنت اور کفنِ ضرورت بیان فرمائیے۔

* جواب: 1. کفنِ سنت: تین کپڑے (لفافہ، ازار اور قمیص)۔

2. کفنِ ضرورت: وہ کم از کم کپڑا جو میت کے پورے جسم کو چھپا لے۔ (صفحہ 12-13)

سوال نمبر 15: جنازے کو دیکھ کر کھڑے ہونے کے بارے میں احناف کا موقف تحریر کیجیے۔

* جواب: احناف کے نزدیک جنازے کو دیکھ کر کھڑے ہونے کا حکم منسوخ ہو چکا ہے۔ اب پسندیدہ عمل یہی ہے کہ بیٹھا رہا جائے اور جنازے کے لیے کھڑا نہ ہوا جائے۔ (صفحہ 15)

سوال نمبر 16: نماز جنازہ کے لیے تیمم کرنا کس صورت میں جائز ہے؟

* جواب: اگر جنازہ حاضر ہو اور ولی کے علاوہ کسی دوسرے شخص کو یہ خوف ہو کہ اگر وہ وضو کرنے جائے گا تو نمازِ جنازہ ختم ہو جائے گی، تو ایسی صورت میں تیمم کر کے نماز میں شامل ہونا جائز ہے۔ (صفحہ 16)

سوال نمبر 17: کنز کی تعریف عربی میں کیجیے۔

* جواب: كُلُّ مَالٍ لَّا تُؤَدّٰى زَكٰوتُهٗ فَهُوَ كَنْزٌ۔ (ہر وہ مال جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی جائے وہ کنز یعنی خزانہ ہے)۔ (صفحہ 17)

سوال نمبر 18: بیع مزابنہ اور بیع محاقلہ کی تعریف کیجیے۔

* جواب: 1. بیع مزابنہ: درخت پر لگی کھجور کا سودا کٹی ہوئی خشک کھجور سے اندازے کے ساتھ کرنا۔

2. بیع محاقلہ: کھیت میں کھڑی فصل (اناج) کا سودا کٹے ہوئے اناج کے بدلے کرنا۔ (صفحہ 33)

سوال نمبر 19: حیوان کی گوشت کے بدلے میں بیع کرنے کا حکم بیان کیجیے۔

* جواب: امام محمدؒ کے نزدیک زندہ جانور کی بیع گوشت کے بدلے میں ناجائز ہے کیونکہ اس میں سود (ربا) کا احتمال ہوتا ہے۔ (صفحہ 32)

سوال نمبر 20: پھلوں اور کھیتی میں بیع سلم کے ناجائز ہونے کی صورت بیان کیجیے۔

* جواب: پھل یا کھیتی کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیع سلم نہیں کی جا سکتی کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے اس کو خریدنے یا بیچنے سے منع فرمایا ہے

( صفحہ 30)

## حصہ دوم: طویل سوالات (Long Questions)

سوال نمبر 1: امام مالکؒ کے نزدیک شوہر کو عورت کے مال سے اور عورت کو شوہر کے مال سے کس صورت میں کتنا حصہ ملے گا؟

* جواب: * شوہر کا حصہ: اگر بیوی کی اولاد ہو تو شوہر کو 1/4 (چوتھائی) ملے گا، اور اگر اولاد نہ ہو تو 1/2 (نصف) ملے گا۔

* بیوی کا حصہ: اگر شوہر کی اولاد ہو تو بیوی کو 1/8 (آٹھواں حصہ) ملے گا، اور اگر اولاد نہ ہو تو 1/4 (چوتھائی) ملے گا۔ (صفحہ 149)

سوال نمبر 2: فضائلِ مدینہ پر نوٹ تحریر کیجیے۔

* جواب: مدینہ منورہ حضور ﷺ کا مسکن ہے۔ حدیث کے مطابق مدینہ کے راستوں پر فرشتے پہرہ دیتے ہیں، یہاں طاعون اور دجال داخل نہیں ہو سکتے۔ حضور ﷺ نے مدینہ کے لیے برکت کی دعا فرمائی ہے اور فرمایا کہ جو مدینہ کی تکلیفوں پر صبر کرے گا میں اس کا شفیع ہوں گا۔ (صفحہ 168)

سوال نمبر 3: حج کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں، ان کی تعریفات نیز ان میں سے افضل حج کونسا ہے؟ اختلافِ ائمہ بیان کیجیے۔

* جواب: حج کی تین اقسام ہیں: افراد (صرف حج کا احرام)، قران (حج و عمرہ ایک ساتھ)، اور تمتع (عمرہ کر کے احرام کھولنا پھر حج کرنا)۔

* افضل حج: امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک حجِ قران افضل ہے۔ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک حجِ افراد افضل ہے۔ (صفحہ 21)

سوال نمبر 4: حالتِ احرام میں نکاح کا حکم بیان کیجیے نیز ائمہ کرام کا اختلاف مع الدلیل بیان کیجیے۔

* جواب: * احناف: احرام میں نکاح جائز ہے۔ دلیل: حضور ﷺ نے حضرت میمونہؓ سے احرام کی حالت میں نکاح فرمایا۔

* ائمہ ثلاثہ: احرام میں نکاح جائز نہیں۔ دلیل: حدیث "لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكَحُ" (محرم نہ نکاح کرے نہ کرائے)۔ (صفحہ 24)

سوال نمبر 5: کن چیزوں سے جانور کو ذبح کرنا مکروہ ہے؟ اختلافِ ائمہ بیان کیجیے۔

* جواب: دانت اور ناخن سے ذبح کرنا مکروہ اور ناجائز ہے۔ امام محمدؒ کے نزدیک ہر وہ چیز جو خون بہا دے (تیز دھار آلہ) اس سے ذبح درست ہے بشرطیکہ وہ دانت یا ناخن نہ ہو۔ (صفحہ 28)

سالانہ امتحان 2025ء (مؤطین)

مختصر سوالات (حصہ اول)

* سوال: نبی پاک ﷺ اور صحابہ کے دور تک احادیث مدون کیوں نہ ہوئیں؟

جواب: قرآن کے ساتھ خلط ملط ہونے کے خوف اور صحابہ کے قوی حافظے کی وجہ سے۔

* سوال: کس کے نزدیک کتاب اللہ کے بعد صحیح ترین کتاب الموطا ہے؟

جواب: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک۔

* سوال: ان تین اشخاص کے نام لکھیں جنہوں نے سب سے پہلے احادیث کو ابواب پر مرتب کیا؟

جواب: امام مالک، ابن جریج، سفیان ثوری۔

* سوال: عصر کے ابتدائی وقت کے بارے میں امام اعظم اور امام محمد میں کیا اختلاف ہے؟

جواب: امام محمد کے نزدیک ایک مثل، امام اعظم کے نزدیک دو مثل پر وقت شروع ہوتا ہے۔

* سوال: قرات خلف الامام کے عدم جواز پر ایک حدیث لکھیں۔

جواب: "من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ" (جس کا امام ہو، امام کی قرات ہی اس کی قرات ہے)۔

* سوال: حضرت ابن عمرؓ کی صلاۃ الخوف والی حدیث کا مفہوم؟

جواب: اس میں خوف کی حالت میں گروہ در گروہ نماز کی ادائیگی کا طریقہ مذکور ہے۔

* سوال: مسجد میں جنازہ کے بارے میں امام مالک کا موقف اور حضرت عمرؓ کا جنازہ کہاں ہوا؟

جواب: امام مالک کے نزدیک مکروہ ہے، اور حضرت عمرؓ کا جنازہ فتنہ کے خوف کی وجہ سے مسجدِ نبوی میں ہوا۔

* سوال: ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کے بارے میں ائمہ کا اختلاف؟

جواب: امام مالک کے نزدیک نہیں ہوتا، احناف کے نزدیک عاقلہ بالغہ کا ہو جاتا ہے۔

* سوال: امام محمد کے نزدیک بیع سلم کی تعریف کیا ہے؟

جواب: نقد رقم دے کر ادھار مال ایک مقررہ وقت کے لیے خریدنا۔

* سوال: بیع محاقلہ کی تعریف؟

جواب: کھیت میں کھڑی فصل کو کٹے ہوئے خشک غلے کے عوض اندازے سے بیچنا۔

* سوال: کیا امام مالک کے موقف کے مطابق کوئی شخص خطبہ سے پہلے عید گاہ سے جا سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں، امام مالک کے نزدیک جا سکتا ہے۔

* سوال: جس کی استسقاء کی جماعت فوت ہو جائے وہ امام مالک کے نزدیک کیا کرے؟

جواب: وہ خطبہ سنے اور بعد میں تنہا دو رکعتیں ادا کر لے۔

* سوال: حدیثِ عائشہؓ کے مطابق وحی کن طریقوں سے آتی تھی؟

جواب: سچے خواب اور گھنٹی کی آواز کی طرح۔

* سوال: حضرت عمرؓ نے سورہ حج پر کتنے سجدے کیے اور کیا فضیلت بتائی؟

جواب: دو سجدے کیے۔ فضیلت یہ کہ اس سورت کو دو سجدوں کی وجہ سے دیگر سورتوں پر برتری حاصل ہے۔

* سوال: امام مالک کے نزدیک کن نمازوں کے بعد سجدہ تلاوت نہیں؟

جواب: فجر اور عصر کے بعد (بوجہ کراہتِ وقت)۔

* سوال: کیا امام مالک کے نزدیک مسجد میں اعتکاف کے لیے جامع مسجد ہونا ضروری ہے؟

جواب: جی نہیں، اعتکاف کے لیے جامع مسجد ہونا شرط نہیں ہے۔

* سوال: امام مالک نے "صیدی" کی کیا تعریف کی ہے؟

جواب: شکاری کتے کو سدھانا اور اس کا مالک کے قابو میں ہونا۔

* سوال: امام مالک کے نزدیک لڑکے اور لڑکی کے عقیقہ کا کیا حکم ہے؟

جواب: دونوں کی طرف سے ایک ایک بکری۔

* سوال: حدیثِ نبوی "ما حق امرء مسلم لہ شیء.." کا ترجمہ؟

جواب: کسی مسلمان کے لیے درست نہیں کہ دو راتیں گزارے مگر یہ کہ اس کی وصیت اس کے پاس لکھی ہو۔

* سوال: وراثت میں اولاد کے حصے کے بارے میں موقف؟

جواب: بیٹے کا حصہ دو بیٹیوں کے برابر ہے۔

طویل سوالات (2025)

* سوال 1: "اصح الکتب بعد کتاب اللہ" کے بارے میں تفصیل؟

جواب: امام شافعی موطا کو صحیح ترین کتاب قرار دیتے ہیں، جبکہ جمہور کے نزدیک بخاری شریف کا درجہ بلند ہے۔

* سوال 2: محرم کے نکاح کے احکام؟

جواب: مالکیہ شافعیہ حنابلہ اور اہل مدینہ کے نزدیک محرم کا نکاح باطل ہے،

احناف عامۃ الفقہاء اہل عراق اور اہل مکہ کے نزدیک نکاح ہو جاتا ہے۔

* سوال 3: بنجر زمین آباد کرنے (احیاء الموات) کا حکم؟

جواب: امام ابوحنیفہ کے نزدیک حکومت کی اجازت شرط ہے، امام محمد کے نزدیک بغیر اجازت بھی مالک بن جاتا ہے۔

* سوال 4 (الف): مدینہ منورہ میں سکونت اختیار کرنے اور وہاں کی سختیوں پر صبر کرنے کا کیا اجر ہے؟

جواب: مؤطا امام مالک کی حدیث کے مطابق، نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے"۔ جو شخص مدینہ کی تکلیف اور سختی پر صبر کرے گا، قیامت کے دن نبی کریم ﷺ اس کے شفیع (سفارش کرنے والے) یا گواہ ہوں گے۔

* سوال 4 (ب): حرمتِ مدینہ پر نوٹ لکھیں۔

جواب: جس طرح مکہ مکرمہ حرم ہے، اسی طرح نبی کریم ﷺ نے مدینہ منورہ کو بھی حرم قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ نے دعا فرمائی: "اے اللہ! ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا اور میں مدینہ کے دونوں پتھریلے میدانوں کے درمیانی حصے کو حرم قرار دیتا ہوں"۔

* سوال 5: سورج گرہن کے وقت نماز (صلاۃ الکسوف) کی کیفیت مؤطا امام مالک کی روشنی میں بیان کریں؟

جواب: مؤطا امام مالک کی روایت کے مطابق، اس نماز کی ہر رکعت میں دو رکوع اور دو سجدے ہیں (یعنی دو رکعتوں میں کل چار رکوع ہوں گے)۔ امام بلند آواز سے قرات کرے، طویل قیام کرے، پھر طویل رکوع کرے، پھر طویل قیام لیکن پہلے قیام سے کچھ کم پھر دوسرا رکوع کرے، اس کے بعد سجدے کرے۔اسی طرح دوسری رکعت۔